حالتِ روزہ میں تھرمامیٹر (Thermometer) استعمال کرنے کا حکم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس بارے میں کہ کیا تھرمامیٹر (Thermometer) روزے کی حالت میں زبان کے نیچے رکھ کر بخار چیک کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

سائل:عدنان حسن (پاکستان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب، اللهم هداية الحق وا لصواب

روزے کی حالت میں تھرمامیٹر (Thermometer) زبان کے نیچے رکھ کر بخار چیک کرنے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا (روزہ نہیں ٹوٹتا) جبکہ تھرمامیٹر پر کسی قسم کی کوئی دوائی وغیرہ نہ ہو، اور عموماً اس پر دوائی نہیں ہوتی کیونکہ تھرمامیٹر زبان یا بغل کے نیچے رکھا جاتا ہے جس سے وہ بدن کی حرارت کو ماپ کر اپنی مخصوص زبان میں اس کی پیمائش کرتا ہے اور اس سارے عمل میں تھرمامیٹر سے کوئی بھی چیز نکل کر بدن میں داخل نہیں ہوتی ہے جبکہ عموماً روزہ اس چیز سے ٹوٹتا ہے جو بدن میں منافذ اَصلیہ کے ذریعے داخل ہو۔چنانچہ مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے

الْفِطْرُ مِمَّا دَخَلَ وَلَيْسَ مِمَّا يَخْرُجُ

ترجمہ:روزہ اس چیز سے ٹوٹتا ہے جو بدن میں داخل ہو اور جو چیز بدن سے خارج ہو اس سے نہیں ٹوٹتا۔

(مصنف ابن ابي شيبه ، رقم الحديث 9319، مكتبۃ الرشد الرياض)

اور فتاوی عالمگیری میں ہے

وَلَوْ ابْتَلَعَ خَشَبَةً وَطَرَفُهَا فِي يَدِهِ ثُمَّ أَخْرَجَهَا لَا يَفْسُدُ صَوْمُهُ

ترجمہ: اگر کسی نے لکڑی کا تنکا منہ میں ڈال کر نگل لیا اور اس کا دوسرا کنارہ اس کے ہاتھ میں ہی ہے پھر اس کو باہر نکالا تو اس کا روزہ فاسد نہیں ہو گا۔

(الفتاوى الهندية المعروف فتاوى عالمگیری ،کتاب الصوم، ج 1 ص 204 مطبوعہ دار الفکر بیروت)

هــذاما سنح لی،واللہ اعلم بالصواب

المفتقـــــــر الی رحمة الله التـوّاب

الجواب صحیح

ابو اطہر مفتی محمد اظہر المدنی (سلمه الغني)

رئیس دارالافتاء فیضان شریعت

ابو حنظلہ خالد تسنیم المدنی

(غـــفـــــــرالله الغني ذنبه الخفي و الجلي)

23/05/2018

Using a thermometer whilst fasting

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue, that does the fast become invalid from placing a thermometer in the mouth to check ones temperature to see if one is ill? Questioner: Adnān Hassan from Pakistan

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب، اللهم هداية الحق وا لصواب

The fast does not become invalid from placing a thermometer in the mouth to check ones temperature to see if one is ill, provided that there is no medicine, etc on the thermometer, and usually there isn't any medicine on there because it is placed on the tongue or under the arm and then measures the warmth of the body which then shows the temperature. During this process, nothing exits flowing out and enters the body, whereas the fast generally breaks from whatever enters the body via an actual route. Thus, it is stated in Musannaf Ibn Abī Shaybah that,

الْفِطْرُ مِمَّا دَخَلَ وَلَيْسَ مِمَّا يَخْرُجُ

The fast will become invalid from whatever enters the body, not from whatever exits the body.

(Musannaf Ibn Abī Shaybah, Hadīth no. 9319, Maktabah al-Rashad wa al-Riyād)

Also it is mentioned in Fatawā Ālamgīrī that,

وَلَوْ ابْتَلَعَ خَشَبَةً وَطَرَفُهَا فِي يَدِهِ ثُمَّ أَخْرَجَهَا لَا يَفْسُدُ صَوْمُهُ

If someone placed a strip of wood in their mouth and swallowed it but the other end of it is in the hand, then he removes it, his fast will not become invalid.

(al-Fatāwā al-Hindiyyah, also known as Fatāwā 'Ālamgīrī, Kitāb al-Sawm, Vol. 1, Pg. 204, print by Dār al-Fikr, Beirūt)

هـذاما سنح لی،واللہ اعلم بالصواب

المفتقـــــــر الی رحمة اللہ التـوّاب

Answered by:
Abu Hanzalah Khalid Tasneem Al-Madani
(غـــفـــــــرالله الغني ذنبه الخفي و الجلي)
Translated by: Haider Ali Qādirī
23/05/2018

Verified by:
Mufti Abu Athar Muhammad Azhar Al-Madani
Head of Dar-Ul-Ifta Faizan-E-Shriat